کمبوڈیا میں پھنسے ہندوستانیوں سے متعلق میڈیا کے سوالوں پر سرکاری ترجمان کا جواب

30 مارچ 2024

کمبوڈیا میں پھنسے ہندوستانیوں کے بارے میں میڈیا کے سوالوں کے جواب میں سرکاری ترجمان، جناب رندھیر جیسوال نے کہا:

"ہم نے کمبوڈیا میں پھنسے ہندوستانی شہریوں کے بارے میں میڈیا رپورٹس دیکھی ہیں۔

کمبوڈیا میں ہمارا سفارتخانہ ان ہندوستانی شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی کر رہا ہے جنہیں اس ملک میں ملازمت کے موقع فراہم کرنے کا لالچ دیا گیا تھا لیکن انہیں غیر قانونی سائبر کام کرنے پر مجبور کیا گیا تھا۔ کمبوڈیا کے حکام کے ساتھ قریبی تعاون کرتے ہوئے اس نے تقریباً 250 ہندوستانیوں کو بچا لیا ہے اور وطن واپس بھیج دیا ہے، جن میں سے 75 کو صرف پچھلے تین مہینوں میں ہی بچایا گیا ہے۔

وزارت اور کمبوڈیا میں واقع ہندوستانی سفارت خانہ کی طرف سے ہمارے شہریوں کو اس طرح کے اسکیمس کے بارے میں متعدد اڈوائزری بھی جاری کی گئیں ہیں۔

ہم کمبوڈیا میں ان تمام ہندوستانی شہریوں کی مدد کو لے کر پُرعزم ہیں جن کو ہماری مدد کی ضرورت ہے۔ ہم کمبوڈیا کے حکام اور ہندوستان میں ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ ان جعلی اسکیموں کے ذمہ داروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جا سکے۔"

نئی دہلی
30 مارچ 2024